## 19 جون 1992ء ملک کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے جب ایم کیو ایم کے خلاف فوجی آپریشن شروع کیا گیا۔الطاف حسین

## 19، جون 1992ء کے شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام ضرور ختم ہوگا

لندن۔۔۔18، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ 19، جون 1992ء کے شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام ضرور ختم ہوگا۔19 جون 1992ء کے شہداء کی 16ویں برسی کے موقع پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ 19 جون 1992ء ملک کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے جب نام نہاد جمہوری حکومت کے دور میں ایم کیو ایم کو ختم کرنے کیلئے فوجی آپریشن شروع کیا گیا جسکے دوران ایم کیو ایم ہزاروں معصوم و بے گناہ کارکنوں کو بیدردی سے ماورائے عدالت قتل کردیا گیا، ہزاروں کو گرفتار کرکے سرکاری ٹارچر سیلوں میں انسانیت سوز تشدد کا نشانہ بنایا گیا، سینکڑوں خاندانوں کو انکے گھروں سے بیدخل کیا گیا، سینکڑوں کو جلاوطن ہونے پر مجبور کردیا گیا۔اس ریاستی آپریشن کے دوران گرفتار کئے گئے ایم کیو ایم کے 28 کارکن آج تک لاپتہ ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ تمام تر ریاستی مظالم اور جبر کے باوجود ایم کیو ایم کو ختم نہیں کیا جاسکا، ایم کیو ایم الحمدللہ آج بھی قائم ہے اور اس کا پیغام آج سندھ سے نکل کر پنجاب، سرحد، بلوچستان، شمالی علاقہ جات اور آزاد کشمیر میں بھی پھیل گیا ہے۔انہوں نے 19 جون کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ حق پرستی کی اس جدوجہد میں ایم کیو ایم کے ہزاروں کارکنان نے جو قربانیاں دی ہیں وہ ضرور رنگ لائیں گی اور انشاءاللہ شہداء کی قربانیوں کی بدولت ایم کیو ایم منزل پر ضرور پہنچے گی۔

## 19، جون 1992ء کے شہداء کی سولہویں برسی جمعرات کو منائی جائے گی

## کراچی سمیت ملک بھر میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہونگے

کراچی۔۔۔18، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام کل بروز جمعرات کو 19، جون 1992ء کے شہداء کی سولہویں برسی عقیدت واحترام سے منائی جائے گی اور کراچی سمیت ملک بھر میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے جائیں گے۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا مرکزی اجتماع نماز عصر تا مغرب ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال میں منعقد ہوگا جس میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست نمائندگان، ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان، سیکٹرز اور یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، شہداء کے لواحقین اور ہمدرد عوام شرکت کریں گے۔کراچی کی طرح سندھ بھر میں ایم کیو ایم کے زونل دفاتر، صوبہ پنجاب، پختونخواہ اور بلوچستان میں ایم کیو ایم کے صوبائی دفاتر میں 19، جون 1992ء کے شہداء کی برسی کے سلسلے میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے جائیں گے اور حق پرست شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا جائے۔واضح رہے کہ 19، جون 1992ء کو ایم کیو ایم کے خلاف فوجی آپریشن کے دوران ایم کیو ایم کے ہزاروں ذمہ داروں، کارکنوں اوران کے عزیز واقارب کو ماورائے عدالت قتل کیا جاچکا ہے۔

## چیمبر آف کامرس حیدرآباد کے صدر کے بہنوئی اور بھانجہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔18، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹریفک حادثے میں چیمبر آف کامرس حیدرآباد کے صدر حاجی یعقوب کے بہنوئی اور بھانجے کی ہلاکت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے حاجی یعقوب سمیت تمام سوگوار لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## حیدرآباد کی زونل کمیٹی کے رکن توحید احمد کی والدہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔18، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم حیدرآباد کی زونل کمیٹی کے رکن توحید احمد کی والدہ محترمہ بسم اللہ بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے، انہیں اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ ترین مقام عطا کرے اور تمام سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## توحید احمد کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔18، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم حیدرآباد کی زونل کمیٹی کے رکن توحید احمد کی والدہ محترمہ بسم اللہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## صوبہ سرحد ضلع مردان سے سابق حق پرست امیدوار برائے صوبائی اسمبلی اور کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے صوبہ سرحد ضلع مردان سے سابق حق پرست امیدوار برائے صوبائی اسمبلی رشید احمد خان کی صاحبزادی بشریٰ رشید، ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 117 کے کارکن رضی الدین کے بھائی تاج الدین ایم کیوایم گلستان جوہر سیکٹر یونٹ D کے کارکن فیصل شاہ کی والدہ محترمہ ممتاز حسن اور ایم کیوایم روہڑی سیکٹر یونٹ 24 کی یونٹ کمیٹی کے رکن محمد حسیب ملک کی والدہ محترمہ جمیلہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

☆☆☆☆☆